اونکا تہا ظاہر او مسخ کر
شکل خنزیر ہو گئی و گہر
مسخ باطن کیا تہا اونکی نیز
اسطرح اونسے حق نے فرمایا

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۵

ع ربع

اور کر یاد اے بستو وہ خصال
کہ مجہی کر او میری مان کو
نہین شایان مجکو ہی مطلق
جانتا ہی تو میری جی کی بات
بیگمان تجکو خوب ہین معلوم
ایک خوف عظیم ہو طاری
بس ثنای خدا بجا لاوین

جبکہ فرمایگا خدا یہ مقال
غیر معبود کے خدا تم دو
جسکا کہنا نہین ہے میرا حق
تجہہ پہ ظاہر ہین جملہ مخفیات
وہی جو اسرار غیب ہین مکتوم
ہر بن مو سے خون ہو جاری

کا مسیح ابن مریم ابتلا
بولی عیسیٰ نبی نہ سبہ
مین نے اوسکو اگر کہا ہوگا
اور نہین جانتا ہون مین سکو
کہتے ہین انکو حضرت آیہ آہی
پہر وہی اعضا بجا حضرت

تو نے لوگون سے وہ کہا تہا کیا
کا تمہی خداوند تجکو ہی تنزیہ
تو اوسی خوب جانتا ہوگا
ذات تیری مین وہ جو نہان ہے
بند او نکا سب جدا ہو جاوی
اپنی اپنی جگہ یہ آوین سب
اور اس طرح لگے بلاوین

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۭ وَاَنْتَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ

اور مین نے کہا نہ انکو مگر
حکم تو نے کیا تہی جسپر

نہ کہا اونسی یعنی جز توحید ۔ اور عبادت ہی مینی کی تاکید ۔ کہ عبادت کرو خدا کی سب ۔ ہی جو میرا رب اور تمہارا رب
اور اونپر نگاہبان تہا مین ۔ جب تلک اونکی درمیان تہا مین ۔ پس مجہی قبض جب کیا تونی ۔ یا فلک پر اوٹھا لیا تونی
تہا نگہبان تو اونپہ اے احد ۔ اور ہر ایک شی پہ تو ہی گواہ

إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۸﴾

جو کریگا عذاب تو اونپر ۔ پس کہ بندی ہین تیرے فرمانبر ۔ اور اگر بخش دی تقصیر اونکی ۔ وہی تائب ہوئی ہی ور لائق بخشش
پس تو غالب ہی اور توانا ہے ۔ بثواب و عقاب دانا ہے

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

پس کہیگا خدا یہہ ہی وہ دن ۔ جسمین ہون سچ سی منتفع مومن ۔ فائدہ سچ ہی است گو تو انکو ۔ اونکی سچ سی اس جہان میں سچو
اونکا اون جنتوں میں ہی وعدہ معلوم ۔ بہتی نہرین ہین جنکی نیچی مدام ۔ اونسی حق خوش اور وی خدا سی خوش ۔ وہی عمل سی اور رہیہ جزا سی خوش
یہہ بہشتوں میں صادقوں کا دخول ۔ باکہ رضوان ایزدی کا حصول ۔ مقصد دل ہی اور مراد بزرگ ۔ رستگاری ہی سب سی بڑی اور فوز سترگ

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

یعنے مخصوص ہی خدا کی لئین ۔ شاہی جملہ آسمان و زمین ۔ اور جو شی کہ اون مین ہی موجود ۔ سبکا مالک وہی ایزد معبود
اور وہ سب پہ قادر و توانا ہی ۔ عجز اور ضعف سی مبرا ہی ۔ سورۂ مائدہ کی حرمت سی ۔ الحمد اونے اپنی نعمت سی
مجکو فرما وہ خوان ہی انعام ۔ کہ جو دو نو جہانین آوی کام ۔ شکر اوسکا سدا بجا لاؤن ۔ کفر نعمت سی مین بچین آؤن

سورة الانعام مكية وهي مائة وخمس وستون اية وكلماتها ثلث آلاف واثنان وخمسون وحروفها اثنى عشر الاف واربعمائة واثنان وعشرون وركوعها عشرون

اور تری کہتی ہین سورۂ انعام ۔ سو ہین اور ہین سٹہ آیت اسکی تمام ۱۶۵ ۔ اور کلمات ہین سو ہی شمار ۔ سر بسر باون اور تین ہزار
حرف بارہ ہزار سی ہین زیادہ ۱۲۰۰۰ ۔ چار سو اور بیس ہی ور کہہ یاد ۔ اور اوسکی رکوع ہین سب بیس ۔ کر شمار انکو ابی ہی جلیس

اور لگی کہنی طرح سی یون
اوسپہ اترا نہین فرشتہ کیون
تاکہ دیتا گواہی اوسپہ ملک
ہم نبی وسکو جانتی بیشک

وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝

اور جو ہم بھیجتی فرشتہ کو
پھر نہ یک پل کی ڈھیل دیجاتی
کہ فرشتی کو دیکھتی ہین جبی
کرا دیتا نہین کیون ہمیر

جسطرح اوسکی شکل دیکھتی
خلق فورا وفات پاتی سب
ہوتی ہین لازم الہلاک سبکی
کوئی جنس ملک سی پیغمبر

تو ادا کام سب کیا جاتا
ہی یہہ دستور حضرت باری
اگلی آیت کا ہی یہہ وجہ نزول
تب اس آیت کو حق نے بھیجوایا

یعنی ہر کوئی موت پاجاتا
ساری عالم مین اسطرح جاری
جب لگی کہنی مشرکان جہول
اسطرح سے جواب فرمایا

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝

اور جو ٹھہراتی ہم رسول ملک
اور چھپا دیتی وہ جیسا ہیں ہم
کرتی اوسوقت بھی طعن

کرتی ہین جیون جیال کرتی ہین
جو چھپاتی ہین آپ پر اسلام
تو بناتی ہم اوسکو بھی بکمرد
ای مسلم نرکھتی ہین بد جو
شکل و صور تین ہی ہیں انکی
جیسے انسانکی اب رسالت کو
اسطریقی سی گفتگو و کلام

ویقول ما ہذا الا بشر مثلکم

پس تسلی نبی کی فرمانے
اگلی آیت یہہ انکو بھجوائے

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

اور ٹھٹھا کیا گیا برسل
اگلے بدلہین پر رسول السلام
تجھسے پہلی ہی ای امام
کہ جو کرتی تھے ہنسی گمراہ
پس لگا پھیراون سہو کی شتاب
یعنے ٹھٹھے کی اپنی پائی سزا
کرتی ٹھٹھا جو انمین تہی بد
پہنچی حق کیطرفسی انکو جزا

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ۝

کہہ تو اسطرح ای نبی کریم
جو نکرتی ہو یہہ سخن تسلیم
تم کرو سیر اس زمین میں اب
ملک آفاق مین پہرو تم سب

ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ

شہر عاد اور ثمود کو جاؤ
یمن و شام کیطرف آؤ
پھر نظر تم کرو بغور تمام
کسطرح انکا ہو گیا انجام
وہی جو جھٹلاتی تہی رسل
اور ہنسی آتی تہی انکی سی بعض

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کہہ تو انکو جواب بطریق سوال
یعنی کرا دیتی یون تفحص حال
کہ ہی مملوک خاص کسکی سب
آسمانوں مین ہی جو اور زمین
جو ندیون تجھسے وہی صاف جواب
کہہ تو اسطرح ای بلند خطاب

قُلْ لِّلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

کہہ کہ مخصوص ہے خدا کی تئین | سر بسر شاہی زمان و زمین

لکھ دیا جسنی ذات اپنی پر | رحمت فرض اپنے کو ای سرور

ہی یہہ ثابت بقول خیر البشر | عرش پر ایک کتاب ہے جو ہار

اوسکا مضمون ہی بقول نبی | غلبت رحمتی علی غضبی

لیجمعنکم الی یوم القیمة لا ریب فیه

اوسنی وعدہ کیا ہی یہہ یقین | بیشک اکٹھا کریگی تمہارے تئین

حکم اپنے سے حشر کے دن تک | کہ نہ جسمین دنگی ہی وقوع میں شک

پس جو طاعت مین حق کے تہی مصروف | اونپہ رحمت سی اپنی ہو مصروف

الذین خسروا انفسهم فهم لا یؤمنون ۵

ای جنہون نی دیا زیان تمام | جانون اپنی کو کرکی کفر کا کام

پس وہی مردم نہ لاوینگے ایمان | پاوینگی وہی عذاب بیپایان

وله ما سکن فی الیل والنهار وهو السمیع العلیم ۵

اور مملوک اوس خدا کا ہے | وہ جو رات اور دن مین بستا ہے

ہی وہ ہی مالک زمان و مکان | اور جو ہو بستہ مکان و زمان

اور وہ ہے سب کے باتکا شنوا | جانتا ہی وہ قصد ہر دلکا

اسطرحسے ہی اسکا وجہ نزول | بولی حضرت سی جب قریش جہول

کا محمد ہمین ہوا معلوم | مال دنیا سے تو جو ہی محروم

باندہی اسواسطے ہی تو نے کمر | دعوی دین اور نبوت پر

تا کہ تیرے لیے شریف و وضیع | کردین تجویز چندہ و توزیع

تو جو دعوے سے اپنے آوے باز | مال و زر سے تجہی کرین ممتاز

مال حاصل ہو اسقدر تجکو | کہ نہو ہر خیال زر تجکو

سب سے ہو جائے تو تونگر تر | دعوی دعوت اپنا چہوڑ اگر

پس ہوا حکم حق کا یون اصدار | کہ مری حکم مین ہین لیل و نہار

جو پیمبر کو مال و زر ہو مراد | جملہ عالم سے وہ ہین اوسکو زیاد

قل اغیر الله اتخذ ولیا فاطر السموات والارض وهو یطعم ولا یطعم

کہہ محمد تو از رہ انکار | کیا خدا کی سوا مین پکڑون یار

کہ وہ ہی خالق زمان و زمین | اور کہلاتا ہی رزق سب کے تئین

اور کہلایا نہین وہ جاتا ہی | بلکہ حاجات سی مبرا ہے

کما فی قولہ تعالی ما ارید منهم من رزق وما ارید ان یطعمون ان الله هو الرزاق ذو القوة المتین

پس اوس سے طلب ہے لایق مجہہ | کہ وہ رازق ہی اور خالق خلق

قل انی امرت ان اکون اول من اسلم ولا تکونن من المشرکین ۵

کہہ محمد تو مین ہوا مامور | درگہ حق سی ابتدا سی ضرور

کہ مین اول ہون اوس سے ملتجی | وہ جو اوسکا ہوا ہی فرمان بر

اور یہ بہی ہی حکم یہہ مجکو | کہ نہو شرک آور انسی تو

[illegible]

قُلْ اِنِّیٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ۵

کہہ کہ بیشک مین خوف کرتا ہون — یعنی اللہ سے مین ڈرتا ہون
جو نہ ہو اپنی ربکا فرمان بر — روز محشر کی ہی عذابکا ڈر
دن بڑا ہی جو وہ قیامتکا — خوف تعذیب و ربلامتکا
مجکو اوسدن کے ہی نہایت عذاب — اسلی خوف مجی ہی بہ ہر باب
غیر توحید حضرت یزدان — نہین اوسدن نجات انکا امکان
شرک ہی موجب ہلاک اوسدن — نہین مشرک کو مخلصی ممکن

مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ ۵

یا وہ کوئی کہ جس سے پہیر جاے — یا کہ پہیری عذاب جس سی خدا
دن قیامت کی جو ہی یوم عظیم — جسکا ہی ہر کسیکو خوف اور بیم
بس تحقیق ایزد متعال — مہربانی کری وہ اسپہ کمال
اور یہ مہربانی یزدان — پانا مقصد کا ہی صریح عیان

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۵ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ۵

اور جو پہنچاوے تیرے تئین یزدان — کوئی فقر و عنا و رنج و زیان
پس نہین کہولنیوالا اوسکی تئین — پر وہی خالق زمان و زمین
اور بہلائی جو تجکو پہنچاوے — ای غنا اور شفا سی تش آوے
پس وہ ہر چیز پر توانا ہی — اوسکی قدرت خرد سی بالا ہی
اور وہ غالب ہی اپنی بندون پر — اور وہ حکمت سی ہی سبکی خبر
اگلی آیت کا اسطرح منشا — اہل تحقیق نی بیان ہی کیا
کہین کہنی لگی یہ پیش رسول — سفہای قریش نامعقول
کا ای محمد بہلا بغیر دلیل — کیسے جانین تجہی نبی جلیل
جو نبوت نہین تیری تحقیق — پس کرین کسطرح سی ہم تصدیق
ہین جو علما ہماری اور احبار — اونسی ہمنی کیا جب استفسار
یون محقق ہوا ہماری تئین — کہ تیری نعت کچہہ کتب مین نہین
ہی نہ توریت مین تیری توصیف — اور نہ انجیل مین تیری تعریف
لا تو ایسا گواہ اور برہان — کہ ہو ثابت نبوت اور قرآن
پس خدا نی یہ بہجائی آیت — شان حضرت مین نبی علیہ

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ

کہہ محمد کہ کونسی ہی وہ شی — جو گواہی مین سب سے اکبر ہی
کہہ محمد یہہ تو کہ سب سی اللہ — درمیان میری اور تمہاری گواہ
ہی حقیقت مین سب سی اوسکا بیان — اور تمہارا یہہ سر بسر بطلان
اور اوتارا گیا ہی میری طرف — یہہ جو قرآن سر بسر ہی شرف
کہ ڈراؤن مین تمکو اوس سی مدام — اور جسی پہنچی وہ بزرگ کلام
یعنی من بعد سید الابرار — ہووی قرآن موجب انذار

جیون مقاتل سی یکرو ایتی ہے ۔ من بلغ القرآن نکا ماراى محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اہل دانش کو وہ کفایت ہے
پس نہو کسطرح سے وہ قرآن ۔ بعد حضرت کی حجت و برہان

أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً أُخْرَىٰ قُل لَّا أَشْهَدُ قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ۝

کیا بہلا دیتی ہو گواہی تم ۔ ازرہ شرک و روسیاہی تم ۔ کہ خداوند پاک کی ہمراہ ۔ مثل اصنام اور بھی ہین الہ
کہہ کہ دیتا نہین شہادت مین ۔ بت کو کرتا نہین عبادت مین ۔ کہہ نہین اس سوا کہ وہ معبود ۔ ہی اکیلا اور ہر کہین موجود
اور بیشک مین اوس سے ہون بیزار ۔ جس سے لاتے ہو شرک بیل و نہار ۔ ای ہمہاری جو بت ہین اور اصنام ۔ اونسی رکہتا نہین ہون کچھ کام

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

وے کہ دی ہمنے اونکو توریت ۔ اسکو پہچانتی ہین وے بصفات ۔ جیسے پہچانتی ہین وے بچے جو ۔ شکل و ہیئت سے اپنی بچون کو
وے جنہون نے دیا زیان تمام ۔ جانون اپنی کو اے بلند مقام ۔ پس وے لاتے نہین ہین ایمان ۔ کیونہ ٹوٹا اونہین ہوا خسران
کہتے ہین اکثر وذکر کی خطاب ۔ کہین فاروق عدل الاصحاب ۔ یون لگی کہنے ابن سلام ۔ کہ بتا مجکو اے بلند مقام
یہہ جو حضرت کے معرفت ہے بیان ۔ تمکو آیت مین مثل فرزندان ۔ کونسی وجہ سی یہہ ارشاد ۔ کیا ہی معلوم تمکو اسکا مفاد
بولی ابن سلام کا فاروق ۔ مجکو اس سے زیادہ تر ہی وثوق ۔ کہ ہی توریت مین بیان اکثر ۔ جابجا وصف و نعت پیغمبر
اور ہی صحت نسب مکتوم ۔ عورتون کا ہی حال نامعلوم ۔ سنکے احسنت سے وہ پیش آئے ۔ اور صدقت کہ زبان لائے

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ

ع

اور ہی کون اوس سے ظالم تر ۔ جو کوئی جو تہمت باندہی اللہ پر ۔ یا وہ آیات حق کو جہٹلاوے ۔ یعنی قرآن سے وہ ابا لاوے
بیگمان کچھ فلاح پاتی نہین ۔ وے جو ظالم یقین لاتی نہین ۔ آگی ہے فکر حالت کفار ۔ روز محشر کی جسکا ہو کردار

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ

اور اوسدن کو یاد کر اب تو ۔ حشر دن کرینگے ہم سبکو ۔ پہر کہینگے بزجر اونکو ہم ۔ وے جو لاتی ہین شرک بت تم

کہ تمہارے شریک ہیں گے کہاں	جن پہ کرتی تھی غم تم اور گماں	پھر نہ ہوگی کچھ عذر اونکا مگر	یہ کہیں گے ہمیں سب قسم کھاکر
اوس خدا اونکی ہمیں سوگند	جو ہمارا خدا ہے سب سے بلند	کہ نہ تھے شرک لانی والے ہم	سو یہی بطلان جانی والے ہم
اونکی موہنہ حکم حق سی ہیں مختوم	کما فی قولہ تعالی الیوم نختم علی افواههم الآیہ		پس حجج ارج سی حال ہو معلوم
	جبکہ مختوم ہونگی ہونٹ افواہ	کفر پر اونکی عضو ہونگے گواہ	

انظر کیف کذبوا علی انفسهم وضل عنهم ما کانوا یفترون ۝

دیکھ تو اے محمد عربی	کیسے بولے ہیں جھوٹ سب عجمی	نفسوں اپنے پہ وہ انکادر غم	کہ نہ کہتا ہے زنہار فروغ
اور کھویا گیا ہے ونسے اب	جو کرتے تھی افترا وے سب	گم کیا اونسے شرک حضرت حق	اب قائل ہیں اوسکے وہی مطلق
اگلی آیت کا جسی سے منشا	جو تفاسیر معتبر ہیں لکھا	مسجد مکہ میں جناب رسول	تھی تلاوت میں اکدن مشغول
وارد اوقت تہا ابوسفیان	کہیں یاروں کے ساتھ اپنی فلان	سنکے قرانکو پیچ و تاب کیا	ابن حارث سے یوں خطاب کیا
کا ہی نضر تجکو علم میں ہے کمال	اور یکتا خرد میں ہے فی الحال	فن تاریخ میں سے یکتا تو	جانتا حال ہے سلف کا تو
سچ بتا پڑھتی ہیں محمد کیا	ہے وہ سچ سے کلام ایزد کیا	پس لگا کہنی اسطرح وہ لعین	کہ میں زنہار جانتا ہوں نہیں
پر وہ ہونٹہ اپنی کچھ ہلاتا ہے	اور بافسانہ پیش آتا ہے	صرف افسانہ اور کہانی ہے	اور فقط داستان خوانی ہے
جیسے پڑہتی ہیں گاہ گاہی ہم	اپنی اسلاف کی قصص پیہم	پس عنایت نبی پہ فرمائے	کہ یہ آیت خدا نے بہجوائے

ومنهم من یستمع الیک وجعلنا علی قلوبهم اکنة ان یفقهوه وفی آذانهم وقرا وان یروا کل آیة لا یؤمنوا بها حتی اذا جاءوک یجادلونک

اور اونمیں سے ہیں وے گویا	وے جو کہتی ہیں کان ہیں تجسے	اور کیے ہم نے اے بلند خطاب	پردے اونکی دلوں پہ اور حجاب
یہ کہ سمجھیں وے لوگ اوسکو سنکے	اے رہیں باز فہم سے العیز	اور کانوں میں بوجھ اونکی رکھا	حق کی سنسنی سے کر دیا بہرا
اور جو دیکھیں کسی نشانیکو	اے تیرے معجزوں سے یہ جو	نہیں وے سب یقین جسی لاوین	تا بحدیکہ تیرے پاس آوین
	تجسے کرتی ہوے وے جدال	آگے اسکی ہے جسطرح ہے قال	

یقول الذین کفروا ان هذا الا اساطیر الاولین ۝

کہتے ہیں یوں ہی مردم کفار	اے خصومت سے اسطرح گفتار	کہ نہیں یہ کتاب حضرت رب	پر ہیں پہلوں کی یہ کتابیں سب

آگی اسکی ہی ایک ورمحال
اسی وہی رکتی ہین بازرہتے
یعنی اور ونکو رکتی ہین یا ز
ہی اس آیت کا اونکی حق مین ہول
اور نہ ایمان خود وہی لاتے تہی
اور نہ کرتی ہین وہی ہلاک مگر

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ

لانی ایمانکی سی لوگونکو
اور ہوتی نہین ہین خود ہمنا
کہ وہ تہی حامی جناب رسول

اور وی رہتی ہین دور ایمان
بعض تفسیرمین کیاہی رقم
یعنی اور ونکو کہتی تہی یاز

وَإِنْ يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ

اپنی جانونکو ایسوده بیہ
اور سمجہتے نہین ہین وی گمراہ

گر تلاوت تو ایسوده خصال
اتباع نبی و قرآن سے
ابو طالب جو تہی نبی کی عم
کہ نبی پر کرین نہ دست دراز
دور ہی دین سے بیش آتی تہی
اونکی آگی عذاب ہی جانکاہ

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

اور تو کاش دیکہی ایسے دم
اور جہٹلاوین اپنی پہر نہین
بلکہ ظاہر وہ ہوگیا انکو
یعنی دنیامین جو تہی بدکردار

جب کہی جاوین سب وی آتش پر
اپنی رب کے نشانیونکی تئین

تو وہی اس قیل و قال سی عبث
اور ہم لانیوالی ہون ایمان

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَا كَانُوا يُخْفُونَ مِنْ قَبْلُ

کرتی اخفاتہی کفر اور انکار
ہی جو دنیا کی آرزو کی انکا

دی جوارح نے جو گواہی آپ
صرف دفع عذاب کا ہی خیال

کاشکے ہم پہر انسی پہیری جاوین
جاکی دنیامین ظاہر اور پنہان
جو چہپاتی تہی قبل ازین بدخو
ہوگیا سب پر وہ ظاہر سب

وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ

اور جو دنیا کی اور پہیری جاوین
اور بیشک وہی جہوٹے ہین مردود

تو اعادہ سی اوسکی پہر وی بدتر
یہ غلط ہی وہ اونکا سب ہو مقصود
اور لگی کہنی سب وی اہل غلو

جس سی ممنوع تہی وی سب گمراہ
جبکہ یہ آیتین ہین اونپر
آگی اسکی ہی جسطرح ارشاد

کہ وہ ہی شرک اور رسول اللہ
منکر حشر دہی ہوئی مکسیر

وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ

اور بولی وی ایسوده مآب
کہ نہین بعث و نشر اور عذاب
اور اوٹہائی نہ جاوین گو کہ ہم
یہی جینا ہمارا دنیا کا
کیا عقبی اور اوسکا کیسا غم
بس یہین خوف کیا ہی عقبی کا

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ قَالَ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ قَالُوا بَلَىٰ
وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ

اور جو دیکھی تو ای رسول الله
حق تعالی کی ہے اونکی پیشی
حق تعالی یہہ دیوے اونکو جواب

ایسی جاوین گہڑی وے سب ہر گاہ
کیا یہہ نشر اور بعث راست نہین
بس چکہو اب تم اوسکی عذاب الم
اگی اسکی کیا خدا نی بیان

حکم سی اپنی رب کی موقف بیچ
بولین البتہ راست ہے وہ حشر
جسّے دنیا مین تم تہی منکر سب
سر بسر اونکی حسرت اور زیان

ای مقام حساب مین یکسر
اپنی رب کی قسم درست ہے حشر
اوسکی بدلے عذاب چکہو اب

ع

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللّٰهِ حَتّٰى اِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُورِهِمْ اَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ۝

بیشک اوس قوم نی زیان پایا
عرض ور جزا انہین مانا
بولین اسطرح سی وے سب افسوس
اور وے سب اوٹہاوین اپنے بار

کہ لقائی خدا کو جھٹلایا
حشر اور نشر کو نہ سچ جانا
ای پشیمانی ہمکو اور افسوس ہیں
بیٹہون نی یہہ ایسی وہ شعار
جان لو تم کہ ہی برا وہ بار

یعنی وے سب ہوئی زیان نصیب
تا بحدیکہ آوی اونکی پاس
اوس عمل پر جو ہی ہمنی کیے تقصیر
یعنی لازم ہی ان انکو بار گناہ
کہ اوٹہاتی ہین جسکو وے کفار

وعید حق کی جنہون نے کی تکذیب
ناگہان حشر ای فیقہ شناس
کچہہ نہ عقبی کے ہو سکی تدبیر
کہ نہ منفک ہون رسول الله

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ اَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

اور نہین زندگانی دنیا
کیا بہلا تم سمجہتے ہو کہ نہین
تہا ابو الجہل ساتہہ ہم گفتار
کہ محمد وہ ابن عبد الله
اوسکی دعوی کو صدق سی ہی فروغ
سر بسر راست ہی کلام اوسکا
نہین از خود وہ اسکا وحی مقال
سنکی حضرت سبب جواب و سوال

ہان مگر کہیل اور مشغولا
یا سمجہتے نہین ہین وے بیدین
اسطرح اوس سے گرم استفسار
جد و آبا کی اپنی چہوڑ کی راہ
یا وہ ہی حرف زن بکذب و دروغ
جہوٹہ سی کچہہ نہین ہی کلام اوسکا
غیر از حکم ایزد متعال
ہوی اندوہ گین بحد کمال

اور بیشک ہی آخرت کا گہر
اگلی آیت کا ہی یہہ شان نزول
کہ تہا ای ابو الحکم مجکو
ہی مصر دعوی رسالت پر
پس وہ بولا کہ راست گو ہی وہ
اوسکا ہی دعوی نبوت حق
پر جو ہم اعتراض کرتی ہین
بس اس آیت کی حق نے بہیجا

اہل تقوی کی واسطے بہتر
کہین یکر و زر اخنس مخذول
صاف کہہ از رہ کرم مجکو
جانتا ہی ہمین ضلالت پر
نیک خلق اور نیکخو ہی وہ
اوسمین امکان شک نہین مطلق
رفع ثروت سی اپنی کرتی ہین
اونکا دفع ملال فرمایا

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِينَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُونَ ۝

جنکو ہی فہم وعقل اور انصاف | سنتے ہین دعوت نبی صاف
بس وہی گفتار سب ہین جیون موات | اسطرح جیسے سنین نبی کی بات

اور مردے جلاوی اونکو خدا

وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ

حشر کی دن وہان اونکو خدا

پہر طرف اوسکی سب پہیری جائینگے | اور اپنی کیی کا بدلا پائین
تو خبردار ہو وین ڈر آگاہ | پاوین اوس دن ہیچ سود کچہ گمراہ
آگی اونکا ہی ایک محکم اور | کر نظر اوسکو تو بدیدہ غور

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

اور لگین کرنی اسطرح گفتار | یعنی قوم قریش کی سردار
کیون اوتارا گیا نہ اوسپہ نشان | اوسکی پروردگار برتر کا
کہ محمد حق اوسپہ ہی قادر | کہ اوتاری نشانی نادر
اوس نشانی پہ حق توانا ہی | جسکی اونکی تئین تمنا ہی
لیک اونمین سی مردم اکثر | نہین رکہتی ہین علم و بوجہہ وخبر
اونکو معلوم ہی یہہ بات نہین | جو نہ لاوینگی معجزہ پہ یقین
یکبیک ہوینگی ہی مردود | مثل اصحاب مائدہ اور ثمود
حق نی رحمت کو کار فرمایا | اسلیی معجزہ نہ بہجوایا
آگی اسکی کیا خدا نی رد | کافرونکا جو اعتقاد تہا بد
وہی جو کہتی نہی ہووے حشر اگر | نہین ہوتی کی سب خلائق پر

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝

اور نہ جنبندہ کوئی ہی زیر سما | اور پرندہ بہی کوئی مرغ ہوا
کہ وہ اوڑتا ہی اپنی دو پر سی | یعنی دوبارہ وسبک حشر سی
ہین مگر اتمین تمہاری مثال | ہی تمہارا سا اونکا حال و مال
لکہا ہمنی کچہہ کتاب مین کم | یعنی سب لوح مین لکہا بعلم
پہر قیامت کو اپنی رب کی طرف | کیی جاوینگی اکٹہی صف بہ صف

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِى الظُّلُمٰتِ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

اور جو جہوٹا بتاتی تہی بد خو | آیتین اور ہیون ہمارے کو
بہری ہین اور گونگی وہی ذات | سنتی اور کہتی نہین ہین حق کی بات
کفر کی ظلمتون مین اسیر و بد | یا اندہیرون مین جہل کی کیسر
جسکو چاہی خدا کری گمراہ | کردی اوسکو بشرک کفر تباہ
اور جسی چاہی کردی اوسکی تئین | راہ سیدہی پہ امی نبی امین

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

کہہ محمد بقوم اہل ضلال | کہ بہلا دیکہتی ہو اپنا حال
کہ جو آوی عذاب حق تمکو | یعنی دنیا مین قہر عائد ہو
یا کہ پیش آوی تمکو حشر کا ڈر | یعنی عقبی مین ہو عقاب اندوز

کیا پکارو گے غیر حق کو تم — اگر ہو تم راست گو سب ایکدم
کہ بچا لین عذاب سی تمکو — یعنی وہ بت تمہاری حامی ہو

بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ۝

بل اوسکی ہتین پکارو گے — ماسوا اوسکی دم نہ مارو گے
پس وہ کہولیگا تمکو ایکدم — جو بلائی ہو اوسکی جانب تم
جو مشیت سی کار فرما ہو — کہول دیگا وہ سر بسر تمکو
اور سب بہول جاوگے یکبار — جسکو دیتی ہو تم شریک قرار
یعنی تمکو نہین رہیگی یاد — یہہ جو معبود کرتی ہو ایجاد

ع وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ

اور بہیجی تہی ہمنی پیغمبر — تجہسی پہلی امم پہ ایسد ور
امتون نی جو انکو جہٹلایا — پس گرفت ہمنی انکو فرمایا
کہ ڈرا افلاس و رنج ساتہہ انکو — تاکہ وی عاجزی کرین بدخو
زاری و عجز سی پیش آوین — شرک اور کفر سی پہر جاوین

فَلَوْلَا إِذْ جَاءَهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَٰكِنْ قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

پس بہلا کیون نہ کی خضوع انہون — جبکہ آیا او نہین ہمارا عذاب
پیش آتی بعجز اور زاری — کہ بلا دفع ہوتی اور خواری
اور لیکن ہوئی دلونکی سخت — پس تضرع کیا نہین یکبخت
اور دیکہلایا خوش انکو شیطانی — رہزن دین اور ایمانی
جسکو کرتی تہی جان کر اچہا — اور حالانکہ زشت بد وہ تہا
ہوگی سب معجب او مغرور — اسلیے سب ہوئی ہلاک و نفور

کما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام ثلث مہلکات شح مطاع وہوی متبع واعجاب المرء بنفسہ ابلیس ولنعم ما قیل

مرد معجب اہل دین نبود — ہیچ خود بین خدای بین نبود
بیخبر زانجہان و کسی است — خویشتن بین خود پرست کیست

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُونَ ۝

پہر گئی بہول جب وی اوس سے کہ — پند جس سی دی گئے بدخو
یعنی وی کافران بدکردار — جب گئی بہول تنگی اور آزار
کہولی ہر شی کی ہمنی اونپر در — پہنچی اپنی مراد کو یکسر
تابحدیکہ جب ہوئی وی شاد — ساتہہ اوسکی دی گئی جو مراد
ہمنی پکڑا او نہین یکبار ا — یعنی اونکی تئین پلٹ مارا
پس یکایک وی ناامید ہوئے — قید خانہ مین غم کی قید ہوئے

ناگہان ہو گئے ہلاک وہ سب

ای صاحب بقہر حضرت رب

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

پس کٹ گئی جڑ اوس گروہ کے
ایک نعمت ہی ظالمونکا ہلاک

وہی جو جن تھے ظلم و جور مین اڑے
پس ہے لائق سپاس ایزد پاک

اور ثنا اوس خدا کو ہی پایان
آگئی اسکی ہی ایک حجت اور

کہ ہی پروردگار عالمیان
کر نظر اوسکو تو بدیدہ غور

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللَّهُ سَمْعَكُمْ وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُمْ بِهِ ۗ انْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ

کہہ تو ای سید زمان و زمین
اور تمہاری دلونپہ مہر لگا لے

کیا لیا دیکھہ تمنے اوسکی تئین
کہ سمجھہ مین تمہاری کچھہ نہین آئے
دیکھہ کسطرح پہیرتے ہین ہم
گاہ تذکیر گاہ ہے ترتیب

کہ جو لی حق تمہاری شنوائی
کون معبود بن خدا کی ہو
آتیین اور نشانیان پیہم
گاہ تنبیہ گاہ ہے ترغیب

اور لیلے تمہاری بینائی
کہ وہ لادی جو کچھہ لیا تمکو

پہر وہی اعراض کرتی ہین گمراہ

ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُونَ ۝

نہین کرتے ہین حق کی در نگاہ

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الظَّالِمُونَ ۝

کہہ تو ای سید زمان و زمین
کہ جو آوی عذاب حق ناگاہ
نہی جاتین گے ہلاک مگر

جسکے آنی سے تم نہ ہو آگاہ
قوم ظالم سقر ہے جسکا مقر
ظالمون کی سوا ہو کون ہلاک

یا کہ ظاہر ظہور وہ آوے
ای گروہ تم بچشم عقل نگاہ
کہ وہی ہین منکران ایزد پاک

کیا لیا دیکھہ تمنی اپنی تئین
جسکے وجہ حلول دکہلاوے
کہ جو پہنچے عذاب حق ناگاہ

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ ۖ فَمَنْ آمَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

اور نہین بہیجے ہمنے پیغمبر
اور کفار کو ڈراتے ہین
پس نہین کوئی خوف ڈر انپر

پر سناتی خوشی مومنین ایزد بر
ای وعید سقر سناتی مین
اور نہ اندوہگین ہونگے وہ کبہو

دیتی مومن کو ہین بشارت وے
پھر جو کوئی کہ لادی ایمانکو
ای عقوبت کا انکو ہووے بیم

کرتی جنت سی ہین اشارت وے
اور مصلح بشرع و تقوی ہو
اور نہو حزن نوجا نعیم

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

اور وہی ہر دمان کفر نصیب | کین ہماری جو آیتین تکذیب | پہنچی اونکو عذاب اوسکی سبب | کہ وہی گذرتے تھے حد شرع سے سب

تھی بارسال انبیا و رسل | حکمت امتحان جزو و کل | تا کہ دشمن سے دوست ہو ممتاز | علم ازلی کا اوسکی فاش ہو راز

آگی اسکی کیا خدا نے بیان | کہ بمیر ہین بندۂ یزدان | جنس انسان اور بشر ہین وے | تم مین ممتاز و معتبر ہین وے

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

کہہ تو اے پیغمبر زمان و زمین | نہیں کہتا ہون مین تمہارے تئین | کہ خزانی خدا کی ہین مجھ پاس | تا کرون صرف حسب حاجت ناس

اور نہیں جانتا ہین غیب کی بات | کہ تمہین دون جواب مسئولات | اور کہتا نہیں کہ ہون مین ملک | بلکہ جنس بشر سے ہون بیشک

نہیں کرتا ہین پیروی مگر | وہ جو بھیجتا ہی حکم حق مجھ پر | کہہ تو اے مطلع [illegible] نبی ورے | کیا برابر ہی کور اور بینا

کیا نہیں فکر کرتے اے مردم | تا کہ جانو حق اور باطل تم | اپنی کوری اور [illegible] بینائی | جان لو تم بفکر و دانائی

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْۤا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝

اور ڈرا وحی سے تو اے سرور | اونکو جو رکھتے ہین وے خوف و خطر | کہ یہ جاوینگے اکٹھے صف صف | روز محشر کی اپنی رب کی طرف

نہیں اونکا سوا اوسکی رفیق | کہ ہو دنیا مین اونکا یار و شفیق | اور نہ کوئی شفیع ہے اوس دن | کہ شفاعت کرے وہ حشر کے دن

تا کہ وے سب خدا سے جاوین ڈر | ہووین پرہیزگار تا بہ سر | کہتے ہین جبکہ سید الابرار | پہنچی سب کی حجت و انذار

تھوڑا تھوڑا اثر ہوا اونپر | کر لگی کہنے مطلع ہو کر | کا ہی تم کراسمین فکر تو اب | ہین صنادید ہم قریش کی سب

تیری مجلس مین وے جو ہین حضار | یعنی سہیل بلال اور عمار | ہین وہی اکثر غلام اور فقیر | اور ہم ہین بزرگ و رئیس و امیر

اونکو مجلس سے گر کرے تم دور | ہم ہون البتہ حاضران حضور | گر کرے وہ جا نشست اور برخاست | سنین قرآن و تیری باتین راست

لگی فرمانی یون رسول خدا | اونکو مجلس سے مین کرون نہ جدا | سنکے بولے یہ بات وے سردار | ہمکو اون پاس بیٹھنا ہی عار

بولے فاروق کاہی رسول اللہ | وے جو اوسکی مراد ہی دلخواہ | آپ فرمائیں قبول اوسکو | تا کہ معلوم حال اونکا ہو

پس نبی نی کیا وہ امر قبول — کہ ہوئی وحی حق یہ اونپہ نزول

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِم مِّن شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ

اور نہ کر دور اونکو ای شہ دین
صبح و شام یعنی روز اور شب
چاہتی ہین رضای یزدانکو
کہ تو کرتا ہی دور اونکی تئین

ہین وی مشغول ذکر حضرت رب
ڈھونڈھتی ہین لقای یزدانکو
پس نکر دور ای رسول امین

یا ادای نماز صبح و شب
نہین تجھپر حساب اونکا کچھ
جو کریگا تو اونکو بزم سی دور

جو پکارین ہین اپنی رب کی تئین
کرتی ہین یا حفظ دل وی سدا
اونکو پھر حساب تیرا کچھ
پس تو ہووی گا ظالموں سی ضرور

وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لِّيَقُولُوا أَهَٰؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّن بَيْنِنَا

اور یون آزما لیا ہمنی
تاکہین عجب سی وی دولت ور
ہم ہین جنکی تئین کیا ممنون
کیا نہ یزدان ہی اونسی خوب خبر
ای خدا اونکو جانتا ہی خوب

اسطرح امتحان کیا ہمنی
دیکھ اونکی قبولیت کا اثر
نعمت دین اونکو دی فزون
شکر اسلام جنکو ہی مرغوب

بعض اونکیکو ہین جو دولتمند
کیا یہی لوگ ہین ذوالایمان
پس خدا نی دیا جواب اونکو
آگی اسکی نبی کو آئی ارشاد [?]

بعض فقرا کی ساتھ ای دلپسند
جن پہ اللہ نے کیا احسان
اسطرح سی کیا خطاب اونکو
کرنیوالی جو شکر ہین یکسر [?]
کہ فقیر اونکو چاہین سب سی زیاد

أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ

وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

اور جسوقت آوین تیری پاس
مانتی ہین ہماری باتون کو
یعنی بعد از سلام ای شہ دین
جنکو دوری سی منع فرمایا
بعض تفسیر مین کیا تحقیق
کہ ای شفیع امم سبھی کریم

تو کہہ اونپر سلام انکو تو شیخو [?]
دی بشارت برحمت اونکی تئین
اونکی حق مین یہ حکم بھجوایا
اسکا شان نزول ہی وہ فریق
جن سی سرزد ہوئی گناہ عظیم
سنکی حضرت نی کچھ دیا نہ جواب

کر لیا ہی تمہاری رب نی رحم
لکھتی ہین بعض اہل علم و کمال
اونسی آتا جو کوئی بعد نزول
جو لگی کہنی عرض با ہمہ سوز
کس طرح کوشش کرین ہم استغفار
جب کیا اونسی یہ خطاب

وی جو با وصف فقر و افلاس
ذات اپنی پہ مہر و رحم اتم
اسکا مومن ہی وہ فریق بلال
کرتی سبقت سلام مین نبی رسول
بزم نبوی مین [illegible]
کیسی توبہ کرین اور استغفار

سب اوٹھی وہانسی نا امیدانہ
کہ تیری پاس آوین ہے ور اسر

رو کیا سننے جانب نمانہ
مومنان گناہگار اگر
بھیج اول سلام تو اونپر

پس اس آیت کو حق نی بھیجا یا
مجکو اور تجکو سب وانتی ہون
اور سنا رحمت خدا کی خبر

یون نبی الوری کو فرمایا
اور قرآن کو بدرست جانتی ہون

اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

ہی تحقیق حکم اوسکا یون
پھر وہ بعد اوسکی توبہ فرماوے

جو کری تم مین کوئی کار زبون
اور باصلاح کار پیش آوے

از سر جہل اور نادانی
تو وہ ہے جرم بخشنی والا

ہو برائی کا جو کوئی بانی
مہر والا بیاسے نسبے بالا

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ۞

اور اسیطرح ای سول ملیل
تاکہ ظاہر ہو مجرمونکی راہ

کرتی ہین آیتونکی ہم تفصیل
یعنی ممتاز ہووی حق اسد از باطل ۱۲
کہ لگی جاننے وہی قوم جہول

وصف اہل طاعت اور طغیان
اگلی آیت مین ای بلند خطاب
شل آیا سون بت پرستی سول

کرکی تفصیل وار ہم ہین بیان
مشرکان قریش کا ہی جواب

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَاۗءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۞

کہہ تو اسطرح منکرونکی تئین
تا عبادت کرو نہین ای مردم
کہ مین چلتا نہین ہوان کی کفار
اور نہ ہون کا وپانیوالون سے
کہین آیا نبی کی پاس نضر ابن حارث
تو کریگا کہان تلک تہدید
تجکو تعذیب ہی اگر منظور

اونکی جنکو پکارتی ہو تم
آرزوون تمہاری پر نہال
راہ سیدہی پہ آنیوالون سے
ساتہ اپنی قریش کو لیکر
اور کب تک سنائیگا یہ عتیب
ہم ہین حاضر نہ کر درنگ و قصور
پس خداوند نی کیا یہ خطاب

پوجتی جنکو ہو سوای خدا
بی شک ہو جاؤن مین گمرہ
اگلی آیت کا یون ہی شان نزول
یون لگا کہنی وہ نبی سی خطاب
دی سکی ہی جو ہمکو وہ عذاب
ورنہ اسطور ہمکو بار دگر
تا کرو مین اسطرح سے اونکو جواب

کہ ہوان ممنوع دل سے مین بیقین
مین تمہاری خدا ورای خدا
ای چلون خواہشون پہ مین گمراہ
بروایات معتبر منقول
کا یہ محمد ہمین ہے اسکا جواب
اس مین کیا اسقدر لگا ہی حساب
مت دکہا نہار خوف اللہ

قُلْ اِنِّيْ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ الْحُكْمُ

اِلَّا لِلّٰهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ ۵

کہہ تو اسے طالب ستو وہ سیر · کہ مین ہون اپنی رب کی حجت پہ · اور اوس حجت کو جھٹلایا · یعنی قرآن کو حق نہ بتلایا

وہ نہین میرے پاس ای مردم · جس سے کرتی ہو جلدی اب تم (ای عذاب) · ای نہین میرے پاس حکم عذاب · جسکو تم چاہتی ہو شتاب

ہی نہ حکم عذاب جز یزدان · عجلت و دیر اوسکی حکم مین جان · کہوتاہی وہ ایزد برتر · سخن راست اور درست خبر

اور وہ ہی بہترین فیصلہ ساز · ہم مین اور تم مین وز سوز و گداز · ہم مین تم مین حق و باطل · حشر کی دن مدد اوسکا ہی حاصل

قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ

کہہ اگر ہوتی میرے پاس عذاب · جسکو تم مانگتی ہو زود و شتاب · تو ہوا ہو چکی اور فیصل کام · درمیان میرے اور تمہاری تمام

یعنی کرتا ہلاک تمکو شتاب · دیکی جلدی اسی مین عذاب عقاب

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ

اور خدا جانتا ہی خوب انکو · کرنیوالی جو ظلم ہین بدخو

اور نزدیک اسکی ہین اسباب · کنجیان اور صول علم الغیب · کہ نہین جانتا ہی انکی تئین · پہر وہی آٹھ زمان زمین

ہی درنگ عذاب و تعجیل · متعلق بحکم رب جلیل

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اور خدا جانتا ہی وس شے کو · وہ جو خشکی مین اور تر مین ہو · اہل تحقیق سے ہی یہ منقول · پانچ اوس علم غیب کی ہین اصول

ایک وہ سب سے تو قیامت جان · دوسرا مینہ برسنا پہچان · مافی الارحام تیسرا تو گن · چوتہا اونسی ہی کسب کل کی دن

پانچوین جا موت ہی یار · چہون ان آیت مین ہو گئی ہین شمار

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ

معنے اسکی بسورہ لقمان · بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ الْاٰيَة · جو خدا چاہی ہین کرو نگا بیان

وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

اور گرتا نہین کوئی پتا · ہان مگر اوسکو جانتا ہے خدا · اور نہ دانہ بہتیری زمین · پر خدا جانتا ہی اوسکی تئین

اور نہ کوئی تر اور خشک مگر · ہی کتاب مبین مین یکسر · لوح محفوظ مین لکھا ہی سب · کہ ہی روشن کتاب حضرت رب

رطب و یابس ہے جو بیان ارشاد	اوس سی جنت کی نعمتین ہین مراد	وہی ان وصفت سی خالی چیز	سب رطوبت اور خشکی والی چیز
یا ہین جو جانیا رطب و یابس جان	اور جسمانیات یابس جان	لوح محفوظ مین وہی ہین مرقوم	اونکا سب حال حق کو ہی معلوم

وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۵

اور وہ لیتا ہی سب تمہارے حواس	بیچ شب کی بحکم خواب و نعاس	اور وہی جانتا ہے ایدوم	جو کماتی ہو بیچ دن کی تم
پہر تمہین دن مین وہ اوٹھاتا ہے	یعنی اوس خواب سی جگاتا ہے	تا کیا جای کامل اور تمام	وقت جسکا رکہا گیا ہی نام
مدت عمر تا کہ پورے ہو	یعنی مرنا تمہین ضروری ہو	پہر طرف اوسکی تمکو پہرنا ہے	بازگشت اور رجوع کرنا ہے
پہر خبر اوس سے تمکو دیوے ان	کہ جو کرتی تہی تم عمل دنیا	یعنی محشر کی دن خبر ہووے گا	سزا و جزا جو پیش ہووے آ

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ط

ع

اور وہ غالب ہے اپنی بندوں پر	کردی ایکدم مین سبکو زیر و زبر	اور تمپر وہ بہیجتا ہی ملک	جو نگہبان حال ہین بیشک
	وہی فرشتی ہین کاتبین کرام	لکہتے رہتے ہین جو تمہارا کام	

حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ۵

[illegible]	ایک کو تمسی موت آوے جب	تو کرین قبض اوسکی جان بیشک	ہین جو بہیجی گئی ہمارے ملک
[illegible] سب نہین کرتی تقصیر	اسی کچہ قبض روح مین تاخیر	ہی باعتبار رسل مراد یہان	عزرائیل اور اوسکی سب عوان
ہین وہی جو سب ایسے [illegible]	کام جنکا ہی رحمت اور عذاب	وہی جو رحمت کی ساتھ ہین عوان	اونکو دیتی ہی وہ مومنونکی جان
آتے ہین جو عذاب کے عمال	ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ۵		روح کفار اونکو دیتی ہی کل
پہر وہی سب بعد مدت معدود	پہیری جاتی ہین جانب معبود	اونکا جو کارساز ہی برحق	شاہ اور بے نیاز ہی برحق

أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ۵

جان لو حکم ہی اوسیکی تئین	دوسرے کو مجال حکم نہین	اور وہی اونسی وہ حسیبا	جنکو ہی نقل سرعت حسابہ
	دم مین سبہی خدای عز و جل	ہین دا انکی جسقدر ہین عمل	
	گذری سی بکری کی دوہنی کی تعداد	کہ وہ کرلی حساب بی شمار	

قل من ينجيكم من ظلمات البر والبحر تدعونه تضرعا وخفية لئن انجانا من هذه لنكونن من الشاكرين

کہہ تو اسطرح ای رسول امین / کون یوہی چھٹا تمہارے تئین

ظلمات اور غبار صحرا سے / اور سحاب و بخار دریا سے

کہ پکارو ہو اوسکو تم ہر آن / عاجزی سے بظاہر و پنہان

کہ جو ہمکو عطا کرے وہ نجات / ان شدائد سے وے جو ہین ظلمات

تو تحقیق ہوونین ہم بیشک / شاکروں میں سے یعنی شاکر یک

سن اس آیت کا معنی جو نزول / اہل تحقیق سے ہے جیون منقول

کہ وے کافر سفر کو جب جاتے / اور شدائد جو اونکو پیش آتے

سفر خشکی و تری سے وے سب / کھینچتے سختی اور مصیبت جب

پس وے سب عجز اور زاری سے / مانگتے تھے دعا یہ باری سے

کہ اگر دے ہمین تو اس سے نجات / کرینگے ہم ہون شکر ہم دن رات

پھر جو اونکی مراد بر آتے / وے دعا مستجاب ہو جاتے

تو نکرتے تھے وے ادا کے شکر / شرک لاتے تھے سب بجائے شکر

پس اس آیت کو حق نے بھیجا / اور یہ یون احتجاج فرمایا

قل الله ينجيكم منها ومن كل كرب ثم انتم تشركون

کہہ تو اسطرح سید السادات / کہ خدا بخشتا ہے تمکو نجات

اون اندھیروں سے ہی پر آفت سے / اور ہر ایک رنج و آفت سے

پھر تم اسپر ہو شرک کرتے ہو / وعدہ شکر سے گذرتے ہو

آگے اون کافروں کو ہی تہدید / ای عذاب عقاب سے ہی وعید

قل هو القادر على ان يبعث عليكم عذابا من فوقكم او من تحت ارجلكم او يلبسكم شيعا ويذيق بعضكم باس بعض انظر كيف نصرف الآيات لعلهم يفقهون

کہہ وہ قادر ہے اوس پہ اوپر / تا کہ بھیجے عذاب کو تم پر

کہ وہ ہووے تمہارے اوپر سے / تولمیوں کا سا جانب سر

یا تمہارے وہ زیر پا سے ہو / جیسے فرعونیان و قارونکو

یا ملا دیوے تمکو وہ بحالت / چند فرقے کہ ہوونین گرم مصاف

اور چکھا دیوے بعض کو تم سے / رنج و سختی بعض مردم سے

تا عداوت سے یکدگر ہو تنگ / پیش آوین بکارزار و جنگ

دیکھ اے سید ستودہ صفات / کسطرح پھیرتے ہین ہم آیات

کرتے اسواسطے ہین تم کو / تا کہ سمجھین وے مردم کفار

ہے یہ آیت جو مشتمل بوعید / اوس مین ہین وے قسم ہین عذاب شدید

سنکے وسکو جناب پیغمبر / رکھہ زمین پہ سجدہ میں اپنا سر

ہو معنی خواہان عفو و امان / بہر امت بحضرت یزدان

حقتعالیٰ نے کی دعا و قبول / پھر خوشنودی جناب رسول

تا قیامت عذاب ارض و سما / اوسنے اپنے کرم سے باز کیا

اور کہا یہ تو اجنگ و قتال / تا کہ اعدا سے اکثر ہوان پامال

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا م

اور تو چھوڑ انکو اے سرور / اور رہا ہے فریب اونکے تئین
یعنے اعراض ونسے اب تو کر / زیست نے ان جہاں کی [?]
جو بنا رکھتے ہیں دین اپنے کو / کھا کے دنیا کا وہ فریب و غرور
بازی و شغل سر بسر جو / سمجھ گئے منکران دین و کور

وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ق
لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ج

اور قرآن سے پند دے انکو / ہے نہ اوس نفس کا بجز یزدان
کہ نہ پھنسایا گیا ہلاک کو ہو / یار اور دوست اے نبی زمان
نفس اون کا فوونکا اونکے سبب / اور نہیں ہے کوئی شفاعت خواہ
کہ کمائین برائیان ہیں سبب / تا عذاب عقاب سے ہو پناہ

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ط

اور جو بدلا دے ہر بدلے تئین
یعنی وہ نفس کافران تئین
لیا جائے اوس سے جملہ بدل
اے مقبول ہووے فدا عمل

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا
كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ

یہ ہی ہے جماعت ناپاک / پینا اون سکو گرم پانی ہے
کہ جو سونپے گئے ہیں وبال / اور مار اونکو دکھ سے کی ہے
اوسکے باعث کہ وہ کمایا ہے / اوس سبب سے کہ تھے وے کافر سب
جو گناہ اونسے پیش آیا ہے / نہیں کرتے تھے شکر نعمت رب

ع

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ
كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ط

کہہ تو اسطرح کیا پکارین ہم
اور پھرین اپنی ایڑیون پہ ہم
کہ بھلانے سے جسکے آوے پیش
اوسکے احباب و یار صمیم
پس تردد ہے اوسکو جانے مین
اور جو بلاونکے مانتا ہے بات

غیر یزدان کے یعنے ہیں صنم
یعنے پھر جائین اپنے اولٹے قدم
غول جنونکا ای نبوت کیش
ہین بلاتے اوسے براہ قدیم
اور کرتا ہے شک پھر آنے مین
یوں کہتا ہے بشاہ راہ نجات

کہ جو دیتے ہیں ہمکو سود نہین
بعد اسکے کہ دے چکا جب راہ
یہ بیابان یعنے جاوے ہلاک
کہتے ہیں سب کہ آ ہمارے پاس
جو شیاطین کی راہ چلتا ہے
بلکہ سلام است خلاصہ تفصیل

اور نہ دیوین ہیں زیان ہمارے تئین
ہمکو اوس شخص کی طرح اللہ
سخت سرگشتہ او حیرت ناک
او شیاطین مین [?]
دست افسوس [?]
بر طریق و نصاحت و تفصیل

یعنی مرشد اگر کوئی ہو جاوے	مثل اوسکے ہے جو سفر کو جاوے	ہمسفر جسکے ہووے ایک فریق	کہ وہی ہوں ونہا طریق
پس شیاطین اوسے بھلا دین راہ	ڈالین ایک دشت مین بیک ناگاہ	کہ وہان ہیم جان ہووے کمال	اور جدہر زیادہ خطرہ مال
اپنی جانب پکارین اوسکو فریق	کہ ادہر راہ راست ہی تحقیق	اور شیاطین اپنے اور بلائین	تا ضلالت کے دشت مین لیجائین
جو رفیقوں کے اور وہ جابجا	پس وہ البتہ راہ کو پاوے	اور اگر وہ رہے شیاطین ساتھ	کچھہ نہ آوے بجز ضلالت ہاتھ
	ہو گرفتار حمق و نادانی	بسر آسیمگی و حیرانی	

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ

کہہ کہ بیشک ہدایت اللہ	ہی وہ دین درست و سیدہی راہ	اور ہم ہین کیے گئے فرمان	کہ ہون منقاد رب عالمیان

وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ

اور اس امر سے ہو تم مامور			تا کہ قائم رکھو نماز ضرور
اور ڈر رہو خدا سے تم			نکرو ڈھیل اوسمین ای مردم
	اور وہ نزد اوسکے ہے جسکی طرف	تم کیے جاوٗ اکٹھے صف بر صف	

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ

اور وہی ہے وہ جسنے ای سب دون	بیشک پیدا کیے زمان و زمین	باہمہ حکمت اور حق یکسر	تا کہ حجت ہون اوسکی قدرت پر
اور اوسدن کہ ای نبی کریم	جب ہکو ہو کری ارشاد	روز محشر وہ امر فرماوے	کہ ہو موجود وہ ہو جاوے
بات اوسکی درست ہی اور حق	حکم نافذ ہین اوسکے سب مطلق	اور ہے سلطنت اوسی کو فقط	بیچ جسدن کہ پھونکی جاوے صور
ہی وہ داناے غیب اور عیان	اور سب احوال کچھہ نہین پنہان	اور وہ ہے حکمت اور خبر والا	مصلح کار خلق اور دانا
جب توحید ہو چکے ارشاد	پھر کیا قصہ خلیل کو یاد	جسمین شرک پدر ہے ہی انکار	اور الزام قوم بد کردار

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ

اور کر یاد ای نبی کریم	جبکہ بولا خلیل ابراہیم	باپ اپنے سے وہ جو آزر تھا	کیا پکڑتا ہے تو بتونکو خدا
بیگمان دیکھتا ہون کرکے نظر	اپنی چشم خرد سے ای آزر	تجکو اور تیری قوم کو ہے تن	درمیان ضلالت روشن
	آگے ہے منت خداے جلیل	وہ جو مشمول تھے بجان خلیل	

وَكَذٰلِكَ نُرِيٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ

اور اسی طرح ای نبی کریم
ہم دکھانے لگے بہ ابراہیم
شاہی جملہ آسمان و زمین
یعنی سب اپنے بقدر لو تمکین

تا کہ ہو وے یقین دلیل حق کو وہ
اور یقین لانیوالون سے ہو وہ
لکھتے ہین بعض اہل علم و خبر
ملکوت فلک ہین شمس و قمر

ملکوت زمین ہین اشجار
اور ہین اوسمین جسقدر احجار
بر سر صخرہ لا کے اونکے تئین
حق نے دکھلائے آسمان و زمین

یعنی تحت الثری سے عرش تلک
منکشف اونپہ کر دیا یک یک
تا کہ حاصل ہوا اونکو علم کمال
ازپے احتجاج و استدلال

ہی معالم مین اسطرح سے لکھا
وہ جو مردود ابن کنعان تھا
شہر بابل تھا اوسکا دار الملک
ہفت کشور کا تھا مدار الملک

جب ہوا بخت نی جواب اوسنے
آئے جون بخت خفتہ خواب اوسے
سوگئے ایکشب جو اوسکے نصیب
دیکھے ایک واقعہ عجیب و غریب

کہ فلک سے ہے اک ستارہ نمود
روشنی جسکی مہر سے افزود
افق شہر پر نمایان ہے
رشک خورشید و ماہ تابان ہے

یکبیک اوسکے دلمین خوف آیا
ہو سراسیمہ سخت گھبرایا
مارے ہیبت کے ہوگیا بیدار
کھو گیا صبر اور قرار فرار

تھے جو وہ خواب خوف الرویا
ہیبت و خوف سے بہت رویا
شہر مین جسقدر تھے اہل علوم
کاہن اور جملہ رمزدان نجوم

روبرو اپنے سبکو بلوایا
اور تقریر خواب پیش آیا
سنتے ہی خواب کے صغیر و کبیر
کہنے اسطرح سے لگے تعبیر

کاہی ملک ترے ملک مین اسسال
ہووے پیدا کوئی بلند اقبال
مثل خورشید ہو ظہور اوسکا
سارے آفاق مین ہو نور اوسکا

بخت مین شہرہ زمانہ ہو
علم توحید مین یگانہ ہو
اوسکا اقبال اسقدر ہو معین
کہ وہ کر دیوے ہلاک ترے تئین

سنکے یہہ بات جلگیا مردود
سر نخوت سے اوسکے اوٹھا دود
ملک مین اپنی حکم عام کیا
ہر زن و شو کو یہ پیام دیا

کہ جدا ایکدگر سے وے ہوجائین
قربت اور اتصال سے باز آئین
بھیجا وکلا کو از سر توثیق
تا کرین جا کے جابجا تفریق

لیکہ غالب ہے حکم حضرت حق
اوسکا مانع نہین کوئی مطلق
پس بحکم مشیت یزدان
کہ مین آزر مقرب سلطان

شب کو وکلای شاہ سے چھپکر
ہوگیا ساتھ زن کے ہم بستر
کار فرما ہوا جو حکم آلہ
زن ہوئی حاملہ بیک ناگاہ

وے جو کاہن تھے اور اہل نجوم
کرکے اس امر کے تئین معلوم
سب گئے شاہ پاس جوق بجوق
دی خبر اوسکو از رہ تملق

سنتے ہی آگ ہوگیا سلطان
بھیجے اپنے وکیل اور اعوان
تا ہین گرم جستجو یکسر
متولد ہو جس حمل سے پسر

پیدا ہوتے ہی اوسکو ڈالین مار
نہ کرین کچھ قصور وے زنہار
الغرض کوشش کمال کے ساتھ
[illegible]

لیکن ظاہر نہ تھا حمل کا اثر
زن آزر کی شکل و صورت پر
قصہ کوتاہ وقت وضع حمل
آئی [illegible] غار جبل

متولد ہوئے خلیل وہاں — کر دیا زیر سنگ اونکو نہاں
کہ مبادا عوان شاہ کے ڈر سے — سو ہی صحرا نکل گئی گہر سے
کر دیا بیٹے دفن اوسکے تئین — تاکہ واقف ہو اس سے کوئی نہین
قصہ کوتہ لگا نکلنے جب — کوہ غاو رسے دفن کردہ شب
پایا فرزند رشک حور کے تئین — صبحدم مثل خور بروئی زمین
یکبار گر سے بحکم رب قدیر — گاہ پیتی تہی شہد گاہ شیر
ایکمدت وہان تہے ابراہیم — تہا کسی سے نہ اونکو خوف و بیم
ماہ اونکی طرح سے روز بروز — اوسکا بڑہتا تہا جسم جان افروز
طفل یکسالہ وار ہر یکماہ — ہوتا بالیدہ وہ قد دلخواہ
یا ہوئے ہفت سالہ وہ ہر گاہ — نکلے اوس غار سے بناگاہ
یا کہ جب گذرے اونپہ تیرہ سال — باہر آئے وہ غار سے فی الحال
اونکی مادر نے دی پدر کو خبر — کہ نہین وہ پسر گیا تہا مر
اب جوانی کو اپنے پہنچا ہے — مہر طلعت اور ماہ سیما ہے
جاکے دیکہا جمال ابراہیم — خوش ہوا اور شادمان عظیم
مین اوسے شاہ پاس لیجاؤن — اور تقریب نیک پیش آؤن
دیکہی اوسنے دواب اور انعام — جبکہ آئے وے دشت مین سر شام
پس لگے کہنے ہین یہ سب مخلوق — غیر خالق کے ہو وہ کب مخلوق
مین بہی مخلوق ہون حق باللہ — ہے یہ خالق کی کبریا صفات
بولے بیٹے ترے تئین پالا — کون ہے اور پالنے والا
کہنے مادر لگی کہ رب میرا — آذر ہے تراش اب تیرا
[illegible]

پہر چلی آئی وان سے وہ گہر کو — دی خبر جاکے اپنے شوہر کو
متولد وہاں ہوا جو پسر — وقت وضع حمل گیا وہ مر
سنکے آذر نے اوسکو مان لیا — سخن زن کو راست جان لیا
زن آذر بحکم استتار — آئی گہر سے نکل کے بر سر غار
قدرت کاملہ سے یزدان کے — دو انگوٹہے تہے مثل پستان کے
شاد و مسرور مطمئن ہوکر — چہوڑ کر آئے اونکو اپنے گہر
جسکی فرماوے حق نگہبانی — کیا کرے اوسکو دشمن جانی
بڑہتا ہر دن تہا وہ قد بلند — ایک مہینے کے طفل کے مانند
پانزدہ ماہہ ہوگئے جسدم — اپنا مارا برون غار قدم
یا ہوئے ستردہ برس کے جب — نکلے اوس غار سے بحکمت رب
پس پہر سال جب ہوئے وہ جوان — نہ رہا خوف شاہ اور اعوان
بلکہ بیٹے اوسے چہپایا تہا — خوف سلطان جسپہ آیا تہا
سنتے ہی اس نوید کے آذر — پہونچا ساتہہ اوسکے غار کے در
بولا زن سے کہ لیچل اسکو گہر — اب نہین ہے مقام خوف و خطر
لیچلی مادر اپنے ساتہہ اونکو — جانب خانہ ہاتہوں ہاتہہ اونکو
اوس سے پوچہا جو کیف و کم اونکا — اوسنے تفصیل وار شرح کیا
خالق انکا ہے کون مجکو بتا — رازق انکا ہے کون مجہے تو بتا
کون پروردگار ہے میرا — کس سے یہ سب مدار ہے میرا
پس لگے پوچہنے کہ بتلا اب — ہے بہلا کون شخص تیرا رب
پہر لگے پوچہنے کہ ای مادر — ہے بہلا کون خالق آذر
[illegible] — کون کرتا ہے اوسکی نصرت و عون

سنکے تنگ آئے اس سخن کے تئین | بولے شاہان تجھے یہ بات نہین | شاہ اس بات کو جو سن پاوے | تجھکو فورا ہلاک فرماوے

عہد نمرود مین بسا مردم | پوجتے تھے خور و مہ و انجم | پوجنا شمس کا بعض کا تھا طریق | اور تھے بت پرست بعض فریق

جب چلے غار سے خلیل اللہ | انجم و ماہ و خور کو کرکے نگاہ | بولے انجم پرست سے یہ کلام | حسب زعم اونکے با استفہام

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ۝

پس ہوا ماہتاب و نہ شب جب کہ | یعنی پونچی جب اونکے اوپر شب | دیکھکر یک ستارہ روشن | کرنے اسطرح سے لگے وے سخن

کہ یہ پروردگار ہے میرا | جس سے احتاج کار ہے میرا | پھر ستارہ وہ چھپ گیا ہر گاہ | بولے اس طرح سے خلیل اللہ

کہ نہین چاہتا ہون لوگو مین | وہی جو آفل او چھپنے والے ہین | نکیا اعتقاد سے یہ کلام | بلکہ بولے بطرز استفہام

فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ۝

پھر قمر کو نکلتے دیکھا جب | بولے وے یون کہ ہی یہ میرا رب

پھر جو چھپنے لگا مہ روشن | کہنے اسطرح سے لگے وہ سخن | کہ جو مجکو نہین دکھاوے راہ | اپنے عرفان سے مرا اللہ

تو مین ہو جاون اوس جماعت سے | کہ جو بھولے ہین حق کی طاعت سے | صبحدم جب لگا نکلنے مہر | مثل خورشید کے جو والی شہر

ساجد خور تھے آفتاب پرست | نشۂ شرک سے سراسر مست | متعجب ہوئے خلیل اللہ | بولے خورشید کو وے کرکے نگاہ

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۝ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝

پس جو دیکھا نکلتے خور کے تئین | کرتے روشن تمام روی زمین | یون لگا کہنے ہے یہ رب میرا | کہ یہ سب سے ہے اکبر اور بڑا

پھر لگا چھپنے جسگھڑی خورشید | ہوئے نور اوسکا جب لگا ناپدید | کرنے اسطرح سے لگے گفتار | قوم میری مین اوس سے ہون بیزار

جنکو کرتے ہو شریک سب تم | ہے نہ یہ امر عقل ای مردم | بعد الزام حجت اور دلیل | بولے بروجہ اعتقاد خلیل

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

بیگمان مینے اپنا سونپا رو | اوسکو سونپا مین ذات اپنی کو | جسنے پیدا کیے زمان و زمین | پھیر کر سب سے اپنے رو کے تئین

اور نہ مین شرک لانیوالا ہون | راہ باطل پہ آنیوالا ہون | بعض تفسیر مین کیا تحریر | شہر مین جبکہ آئے ابراہیم

لے گئے حسب عادت معہود | والدین اونکو جانب نمرود | زشت رو اسقدر وہ سلطان تھا | پڑھتا لاحول جسکو شیطان تھا

رکھہ کے سر پر غرور کا افسر
دیکھ معولی کی شکل زشت و قبیح
کون بد شکل ہے بہ تخت نشین
رکھتے ہین گرد تخت وے جو قیام
جسکی مخلوق نیک منظر ہو
دیتے سنتے وہ حضرت عالی

تھا وہ بیٹھا سر پہ تخت پر
اور والی کو باجمیل و صبیح
جسکے حاوک ہین جمیل و حسین
اوسکے مخلوق ہین کنیز و غلام
کسطرح خود کرے یہ پیکر ہو
فرقہ بت پرست کو گالی

سرو قد مہ جبین کنیز و غلام
کرنے اسطرح سے لگے وہ سوال
بولے بیٹھا ہے تخت پہ نمرود
سنکے بولے وے مسکرا کر یون
قصہ کوتہ اسی طرح وہ امام
قوم اونکی با حتجاج تمام

اوسکے بر گرد تخت رکھتے قیام
مجکو لاتے ہین کیون یہان فی الحال
ہے ہمارا وہ خالق و معبود
خالق اونکا ہے زشت منظر کیون
کرتے ہجو بتان تھے اور اصنام
کرتے توحید ایزدی ہین کلام

وَحَآجَّهُ قَوْمُهُ قَالَ أَتُحَاجُّونِّي فِي اللَّهِ وَقَدْ هَدَانِ

اوجھگڑا کیا بابراہیم
بولا مجھسے جھگڑتے ہو کیا تم
جبکہ ہین سب آسمے وے ڈرانے
جو کریگا تو اونکے ساتھہ جدل

قوم اونکی نے ای نبی کریم
حق کی وحدانیت ہین المرم
ڈر تو نکا او نہین کہاتے ہے
تجکو پہنچائینگے وہ رنج و علل

یعنی توحید حق مین وے کہا
اور توحید مین بوجہ یقین
یعنی کہنے لگے وے سب مردود
بس بحکم جناب رب جلیل

سب لگے کرنے حجت و تکرار
راہ دکھلائے حق نے مجھے تسکین
کہ ہمارے جو ہین یہ بت معبود
یون لگے کہنے یکدگر سے خلیل

وَلَآ أَخَافُ مَا تُشْرِكُونَ بِهِ إِلَّآ أَن يَشَآءَ رَبِّي شَيْـًٔا وَسِعَ رَبِّي كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ

اور نہ اوس چیز سے مین ڈرتا ہون
پر مین ڈرتا ہون اوس سے اے لوگو
کیون بگڑتے نہین نصیحت تم

اون بتونکا نہ خوف کرتا ہون
کہ مرا رب چاہے جس شے کو
تا نہ رسوا ہوا و فضیحت تم

کہتے ہو تم شریک جنکے تئین
رب نے میری سما لیا ہے یقین
آگے اسکے ہے ایک حجت اور

حق تعالی کا ای فریق لعین
علم اپنے مین جملہ شے کے تئین
کر تلاوت اوسے بدیدۂ غور

وَكَيْفَ أَخَافُ مَآ أَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُم بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا فَأَيُّ الْفَرِيقَيْنِ أَحَقُّ بِالْأَمْنِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ

اور کیونکر ڈرون مین اوس سے بھلا
اور حالانکہ تم نہین ڈرتے
جو نہ بھیجا ہے اوسکو تم پہ دلیل
ساتھہ امن و امان کے شایان تر
کہ جو سب خلق کے بہ وہین فریق

خوف اس بات سے نہین کرتے
جسمین نازل نہین ہوا تنزیل
جانتے اس سخن کو تم ہو اگر
جنکا توحید و شرک ہے طریق

کہ بتحقیق تمنے جہل مین ہو
بس جواب اسکا تم سمجھکر دو
یعنی اسکا جواب مجکو دو
کون ہے اونمے مستحق امان

جسکو لاتے ہو تم شریک بنا
کر لیا ہی شریک حق اونکو
کون ان دو فریق مین سے ہو
علم اس امر کا جو ہو تمکو
واسطے کسکے امن ہے شایان

پس جو معلوم تہا حدا کے تئین | کہ نہ اوسکا جواب دے ہیں لعین
پس جواب اوسکا آپ فرمایا | اگلی آیت مین جسطرح آیا

الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ

وہ جولائے ہین صدق دلسے یقین | یعنے مانا جنہون نے حق کہے تئین
اور ملایا نہ اپنے ایمان کو | شرک کے ساتہہ ای ہمارے گرو
ہیہ وہ مردم ہین جنکو امن و امان | ہے عذاب جلوہ سے شایان
اور وے ہین راہ پانیوالو نسے | راہ سیدہی پہ آنیوالون سے

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَىٰ قَوْمِهِ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ

اور ہیہ جملہ گفتگو ہے خلیل | ایک حجت ہماری ہے اور دلیل
ہمنے جسکو دیا یہ تا براہیم | تاکہ وے اپنی قوم کو الزام
اوسکے لوگو نپہ ای نبی کریم | گویا اوسکو وہ کیا الہام
کرتے ہم ہین بلند درجونکو | جسکے ہم چاہتے ہین انہین تجہکو
بیگمان تجہکو پالنے والا | ام حکمت مین سب سے ہی بالا
ہی وہ داناے کار با اطلاق | رافع القدر حسب استحقاق
آگے ایک منت خدا ہی اد | گر نظر اوسکو تو بدیدہ غور

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا

اور دیا ہمنے ایک پسر اوسکو | جسکا اسحٰق نام نامی ہو
اور دیا ہمنے اوسکو پوتا خوب | وہ جو معروف خلق ہی یعقوب
ہمنے ہر ایک کو ہدایت کی | سر بسر رافت اور عنایت کی

وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ

